فرمایا ہے کہ "یہ کتاب اسلامیات کے ہر فاضل اور ہندوستان میں مسلمانوں کی حکومت کے ہر طالب علم کے مطالعہ میں آنی چاہیئے۔

زجاجۃ المصابیح جلد پنجم۔ از مولانا ابوالحسنات سید عبداللہ الحیدرآبادی الحنفی۔ تقطیع کلاں۔ ضخامت ۴۰۷ صفحات۔ کتابت وطباعت بہتر۔ قیمت چھ روپیہ۔ پتہ:- محلہ حسینی علم۔ جوبلی پوسٹ آفس (۲) حیدرآباد دکن۔

مولانا نے مشکوٰۃ المصابیح کے طرز پر حنفی فقہ کے نقطۂ نظر سے احادیث کی جمع و ترتیب کا جو عظیم الشان کام چند برس پہلے شروع کیا تھا اور جس کا تذکرہ ان صفحات میں کئی مرتبہ آچکا ہے خدا کا شکر ہے کہ وہ اختتام کو پہونچا۔ چنانچہ زیر تبصرہ کتاب اس سلسلہ کی پانچویں اور آخری جلد ہے۔ اس میں متعدد ابواب و فصول کے ماتحت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرتِ مقدسہ اور شمائل، صحابہ کرام اور ازواج مطہرات و اہل بیت کے فضائل و مناقب سے متعلق احادیث یکجا کی گئی ہیں۔ ترتیب اور نظم وہی ہے۔ یعنی ہر حدیث کا حکم اس کے راوی کا نام۔ باب کی مناسبت سے قرآن مجید کی آیات اور حواشی میں حل الفاظ۔ تشریح و توضیح مطالب، یا کوئی فنی بحث۔ یہ پانچوں جلدیں حدیث کے اساتذہ اور طلبار کے لئے جو حنفی المسلک بھی ہوں نعمتِ غیر مترقبہ ہیں۔ انھیں اس سے فائدہ اٹھانا چاہیئے۔

نور المصابیح جلد اوّل حصۂ دوم۔ تقطیع کلاں۔ ضخامت ۴۴۱ صفحات کتابت وطباعت بہتر۔ قیمت درج نہیں۔ پتہ:- مکتبہ نقشبندیہ $\frac{16-5}{423}$ حسینی علم بارہ گلی حیدرآباد دکن – ۲

زجاجۃ المصابیح کس پایہ کی کتاب ہے؟ ان صفحات میں اس کا ذکر آ ہی چکا ہے۔ زیر تبصرہ کتاب اسی کا نہایت شگفتہ سلیس اور عام فہم اردو ترجمہ ہے۔ درمیان میں جابجا توضیح مطالب کے لئے نوٹ بھی ہیں۔ یہ حصہ صرف کتاب الصلوٰۃ پر مشتمل ہے مگر اس کی جامعیت کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ اس میں ۵۶۶ احادیث ہیں جو مختلف ابواب و فصول کے زیر عنوان پھیلی ہوئی ہیں۔ اس طرح اب یہ مجموعہ اس لائق ہو گیا کہ اردو خواں ارباب ذوق بھی اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

ابن ماجہ اور علم حدیث۔ از مولانا محمد عبدالرشید نعمانی۔ تقطیع کلاں۔ ضخامت ۳۰۰ صفحات